IGI Life Vitality

آئی جی آئی لائف

انویسٹ پرو

سرمایہ کاری اور تحفظ

انویسٹ پرو جھنجھٹ سے پاک سنگل پریمیم یونٹ لینکڈ سرمایہ کاری پلان ہے جو آپ کو سرمایہ کاری اور تحفظ کے فوائد فراہم کرتا ہے۔ آپ کی 100 فیصد سنگل پریمیم آپ کے اکاؤنٹ ویلیو میں مختص کی جاتی ہے۔ سب سے اہم بات یہ آپ کو سرمایہ کاری کی دستیاب متعدد حکمت عملیوں میں سے اپنی مرضی سے سرمایہ کاری کی مکس حکمت کا انتخاب کرنے کا اختیار دیتا ہے۔

پراڈکٹ کی وضاحت: یہ ایک لائف انشورنس پراڈکٹ ہے جس کے دو بنیادی عناصر ہیں یعنی انشورنس تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا عنصر یونٹ لنکڈ فنڈ میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے مشروط ہے۔

انویسٹ پرو کیا ہے؟

انویسٹ پرو ایک منفرد سرمایہ کاری سے زیادہ تحفظ پلان ہے جو آپ کو جھنجھٹ سے پاک ایک بار کیلئے سرمایہ کاری کا آپشن دیتا ہے۔

انویسٹ پرو آپ کو سرمایہ کاری کی دستیاب متعدد حکمت عملیوں میں سے آپ کے رسک ریٹرن کے مطابق اپنی مرضی سے سرمایہ کاری کی مکس حکمت بنانے کی آزادی دیتا ہے۔ اس کے علاوہ پلان کی تحفظ کا فیچر آپ کو پلان میں سرمایہ کاری کے آغاز سے ہی لائف انشورنس کا تحفظ دیتا ہے۔

18 سال سے 85 سال کی عمر کے افراد اس آئیڈیل سرمایہ کاری پیکیج کیلئے اہل ہیں۔ پلان کی مدت 5 سال سے لے میچورٹی کی 95 سال کی عمر تک ہو سکتی ہے

انویسٹ پرو کیسے کام کرتا ہے

سنگل پریمیم /اے وی اے پی کی 100 فیصد رقم قابل اطلاق بڈ پرائس پر منتخب کردہ سرمایہ کاری حکمت عملی (عملیوں) اور فنڈ (فنڈز) کے یونٹ خریدنے کیلئے استعمال کی جاتی ہے

انتظامی چارجز اور انشورنس کی قیمت (اگر کوئی ہے) آپ کے اکاؤنٹ ویلیو سے ماہانہ بنیادوں پر کاٹی جاتی ہے۔ یہ لائحہ عمل منتخب کردہ مدت کے خاتمہ تک جاری رہے گا۔

فری لُک دورانیہ

اگر آپ پالیسی دستاویزات کی موصولی کے 14 روز کے فری لُک دورانیہ میں اپنی پالیسی کو منسوخ کرتے ہیں تو اس صورت میں آپ کا پریمئم مکمل ریفنڈ کر دیا جائے گا۔ ریفنڈ کی رقم میں سے آئی جی آئی لائف کی طرف سے کئے جانے والے آپ کے علاج یا طبی معائنہ سے منسلک اخراجات اگر کوئی ہیں وہ منہا کئے جائیں گے جو آئی جی آئی نے ادا کئے۔

اکاؤنٹ ویلیو ایکسیلریشن پریمئم (AVAP)

چونکہ انویسٹ پرو ایک سنگل پریمیم یونٹ لنکڈ پلان ہے۔ صارفین کی سہولت کیلئے یکمشت ادائیگیاں جسے اکاؤنٹ ویلیو ایکسیلریشن پریمئم کہا جاتا ہے کسی بھی وقت کی جاسکتی ہے جبکہ یہ پالیسی نافذ العمل ہے۔ AVAP ادائیگیاں پلان کی سرمایہ کاری مالیت میں اضافہ کریں گی لیکن اس سے خطرے پر بنیاد مجموعی رقم کو متاثر نہیں ہوں گی۔ AVAP کی رقم کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ حد سے مشروط ہیں جس کا تعین کمپنی کی طرف سے وقتاً فوقتاً کیا جاتا ہے۔

موت پر فائدہ

موت کی صورت میں مندرجہ ذیل فائدے قابل ادا ہوں گے

- سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی زیادہ مالیت یا بنیادی فیس اماؤنٹ (جزوی انخلاء منہا کرکے) اور اس کے ساتھ
- AVAP کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی مالیت (اگر کوئی ہے)

سرمایہ کاری کی متعدد حکمتِ عملی

آپ اپنی رسک پروفائل اور مالی مقاصد کے مطابق مندرجہ ذیل میں سے سرمایہ کاری کی ہر حکمتِ عملیوں اور فنڈز کا انتخاب کر سکتے ہیں

آئی جی آئی محتاط فنڈ
فنڈ کی نوعیت: انکم فنڈ
یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): معتدل
اس فنڈ کے اثاثہ جات میں حکومتی اور / یا دیگر محفوظ سرمایہ کاری شامل ہے۔ اس حکمتِ عملی کے تحت اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری نہیں کی جاتی
حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری : 100%

آئی جی آئی متوازن فنڈ
فنڈ کی نوعیت: متوازن فنڈ
یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): درمیانی
اس حکمتِ عملی کے تحت اسٹاک مارکیٹ اور حکومتی سیکیورٹیز اور / یا دیگر محفوظ سرمایہ کاری کے ذریعے کیپیٹل میں مستحکم بڑھوتری حاصل کی جاتی ہے
اسٹاک مارکیٹ فنڈ : 0% سے 40%
حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری : 60% سے 100%

آئی جی آئی جارحانہ فنڈ
فنڈ کی نوعیت: جارحانہ فنڈ
یونٹ لنکڈ فنڈ کی قسم (رسک پروفائل): زیادہ
اس حکمتِ عملی کے تحت زیادہ تر شیئرز میں سرمایہ کاری کر کے طویل المدت کیپیٹل بڑھوتری حاصل کی جاتی ہے۔
اسٹاک مارکیٹ فنڈ : 60% سے 70%
حکومتی سیکیورٹیز اور دیگر فکسڈ آمدن والی سرمایہ کاری : 30% سے 40%

براہ مہربانی نوٹ فرمالیں اس سرمایہ کاری کے خطرے کی ذمہ پالیسی ہولڈر کی ہوگی۔ آئی جی آئی پر کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی۔

یونٹ لنکڈ فنڈ کا اختیار

پالیسی کے اجراء کے وقت یونٹس کی سرمایہ کاری کم رسک والے فنڈ میں کی جائے گی۔ پالیسی کے اجراء کے بعد بغیر کسی اضافی چارجز کے پالیسی ہولڈر کو رسک کی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی مرضی کے مطابق فنڈ کے انتخاب کا حق حاصل ہے۔ نئے فنڈ کو کسٹمر کی صوابدید پر مختلف فنڈ کے امتزاج سے تشکیل دیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اس امتزاج کا مجموعہ 100% ہو۔

لائلٹی بونس کی ضمانت

جتنا عرصہ آپ پالیسی کو جاری رکھتے ہیں اتنا ہی آپ لائلٹی بونس کی شکل میں انعامات حاصل کریں گے۔ لائلٹی بونس اضافی یونٹ کی شکل میں ملتے ہیں جسے آپ کے فنڈز میں اضافہ کیلئے ہر پانچ سال کے اختتام پر آپ کے اکاؤنٹ ویلیو میں جمع کیا جاتا ہے۔ بونس کی تخصیص سنگل پریمیم کا تناسب ہوتا ہے اور یہ اسی صورت میں مختص کیا جاتا ہے اگر پالیسی کے باقی ماندہ سالوں میں کوئی جزوی دستبرداری نہیں کی گئی ہو۔

لائلٹی بونس کی تخصیص ذیل میں دی گئی ہے۔

سال کا اختتام	بنیادی پالیسی میں لائلٹی بونس کی تخصیص سنگل پریمیم کا فیصد
5	3فیصد
10	6فیصد
15 سال اور ہر 5 سال بعد	9فیصد

لائلٹی بونس AVAP ادائیگیوں پر قابل اطلاق نہیں

اضافی فوائد اور خصوصیات

وائیٹلیٹی کے فوائد اور چارجز

پالیسی کی خریداری کے وقت صارف اس آپشن کا انتخاب کرسکتا ہے۔ اگر صارف پالیسی کی خریداری کے وقت وائیٹلیٹی پروگرام کا انتخاب کرتا ہے تو مندرجہ ذیل اس پر لاگو ہوں گے۔

اے) ہفتہ وار فعال انعامات

ہفتہ وار فعال انعام کے ہدف کے حصول کی کامیابی پر صارف مندرجہ ذیل کا انتخاب کرسکتا ہے

ایزی ٹکٹس واؤچر کا انعام کے طور پر انتخاب۔ واؤچر سینما گھر میں 50 فیصد رعایتی ٹکٹ کی پیش کش کرتا ہے

یا

ایزی ٹکٹس کے ساتھ 500 روپے قیمت کا موبائل ٹاپ اپ واؤچر منتخب کریں

یا

فوڈ پانڈا کا 500 روپے ڈسکاؤنٹ واؤچر حاصل کریں جس کے ذریعے آپ منتخب ریسٹورنٹس سے فوڈ پانڈا کے ذریعے کھانا منگوا سکتے ہیں

بی) ماہانہ انعام۔ فٹنس ڈیوائس کیش بیک کا فائدہ

آپ کے آئی جی آئی وائیٹلیٹی پوائنٹس آپ کی ہر ماہ کی جسمانی سرگرمی کو ظاہر کرتے ہیں۔ اپنے ماہانہ جسمانی سرگرمی کے اہداف پورے کرنے کے بعد 100 فیصد تک کیش بیک حاصل کرنے کے مجاز ہو سکتے ہیں ۔

ایک ماہ حاصل کردہ پوائنٹس	ماہانہ ڈیوائس کیش بیک
< 1500	0%
1500 - 1,999	25%
2000 - 2,999	50%
3,000 +	100%

آپ 24 ماہ کی مدت کے دوران ویریبل ڈیوائس پر 100 فیصد کیش بیک کے حقدار ہوں گے۔ مذکورہ بالا رعایت پر یہ ڈیوائسز صرف آئی جی آئی لائف وائیٹلیٹی صارفین کیلئے دستیاب ہے۔ آپ اپنی خود کی ڈیوائس بھی استعمال کر سکتے ہیں تاہم آپ اس صورت میں کیش بیک کے حقدار نہیں ہوں گے۔

سی) وائیٹلیٹی کا جامع فائد

وائیٹلیٹی اراکین جامع فوائد کے حقدار ہیں جس کا آغاز ہر پالیسی سال کیلئے پالیسی کے دوسرے سال سے ہوگا جس میں جزوی انخلا نہ کیا گیا ہو۔ جامع فوائد فنڈ مینجمنٹ چارج (ایف ایم سی) پر رعایت کی صورت میں ہوں گے جبکہ رعایت کا انحصار ہر پالیسی کے ماہ کے آغاز میں بیمہ شدہ شخص کی وائیٹلیٹی حیثیت پر ہے۔

ماہانہ واجب الادا تاریخ سے قبل رکن کی وائیٹلیٹی حیثیت کی تصدیق کی جائے گی اس کے بعد وائیٹلیٹی حیثیت اور پالیسی سال کو مندرجہ ذیل جدول کے مطابق جامع فوائد (یعنی ایف ایم سی پر رعایت) کے تعین کیلئے استعمال کیا جائے گا

جامع فوائد۔ فنڈ مینجمنٹ چارج پر رعایت (اکاؤنٹ ویلیو کا سالانہ فیصدی تناسب)				
پالیسی سال	حیثیت			
	برونز	سلور	گولڈ	پلاٹینم
1	0.0%	0.0%	0.0%	0.0%
2	0.0%	0.2%	0.4%	0.9%
3	0.0%	0.2%	0.4%	0.9%
4 اور زائد	0.0%	0.1%	0.2%	0.6%

جامع فوائد کے اطلاق کے بعد فنڈ مینجمنٹ چارج مندرجہ ذیل ہوں گے

فنڈ مینجمنٹ چارج (اکاؤنٹ ویلیو کا سالانہ فیصدی تناسب)				
پالیسی سال	حیثیت			
	برونز	سلور	گولڈ	پلاٹینم
1	1.8%	1.8%	1.8%	1.8%
2	1.8%	1.6%	1.4%	0.9%
3	1.8%	1.6%	1.4%	0.9%
4 اور زائد	1.5%	1.4%	1.3%	0.9%

مثال کے طور پر اگر ایک صارف 12 ویں ماہ کے اختتام پر پلاٹینم حیثیت حاصل کرتا ہے تو 13 ویں ماہ پر ایف ایم سی چارج اکاؤنٹ ویلیو کا 0.0917 فیصد کے مساوی ہوگا (ایف ایم سی سالانہ بارویں ماہ میں 1.1 فیصد)

برونز، سلور، گولڈ اور پلاٹینم حیثیتیں شرائط وضوابط کے مطابق متعدد اہداف اور اسسمنٹ / سوالناموں میں کامیابی کے نتیجہ میں رکن کی طرف سے حاصل کی حیثیت کی عکاسی کرتی ہے

بیمہ شدہ شخص کی مستقل اور مکمل معذوری کی صورت میں بیمہ شدہ شخص ماہانہ واجب الاداء تاریخ سے جامع فوائد کیلئے اہل نہیں رہے گا

جزوی دستبردار کی صورت میں بیمہ شدہ شخص پالیسی کے باقی رہ جانے سالوں کیلئے جامع فوائد کا اہل نہیں ہوگا جس میں جزوی دستبرداری کی گئی۔

اگر صارف کے پاس ایک سے زائد جامع وائیٹلیٹی پالیسی ہو تو اس صورت میں ہر ایک وائیٹلیٹی جامع پالیسی جامع فوائد کیلئے اہل ہوگا بشرطیکہ شرائط پر عمل درآمد کیا گیا

اگر وائیٹلیٹی فعال رکنیت کی سالگرہ وائیٹلیٹی جامع پالیسی سے مختلف ہے تو وائیٹلیٹی حیثیت کو جامع فوائد کیلئے استعمال کیا جائے گا جو ہر پالیسی کیلئے ماہانہ واجب الاداء تاریخ کے وقت موجودہ حیثیت ہوگی

مذکورہ بالا جامع فوائد اور پالیسی دستاویز میں درج اس کی شرائط وضوابط اکاؤنٹ اکاؤنٹ ویلیو ایکسیلریشن پریمیم (اے وی اے پی) پر لاگو ہوں گی جو بنیادی پالیسی (اگر کوئی) سے منسلک کی گئی ہے۔

اے وی اے پی کیلئے پالیسی کے سال اے وی اے پی کی ادائیگی کے اجرا کی تاریخ سے تصور کئے جائیں گے

یونٹ کی پرائسنگ کا طریقہ کار:

کمپنی کے پاس موجود فنڈز کی مالیت روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹ ویلیو کے اعتبار سے لگائی جاتی ہے۔ انڈر رائٹنگ ڈپارٹمنٹ تمام درخواستوں کو طے شدہ طریقۂ کار کے مطابق مکمل کرتا ہے/ پالیسیز تیار کرتا ہے۔ یونٹ کی مالیت کے تعین کی ہر تاریخ کو موصول ہونے والا تمام صافی پریمیم (جس میں وصول شدہ پریمیم، کلیمز، دستبرداری اور فنڈ کی منتقلی شامل ہے) اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ کو فراہم کیا جاتا ہے، جو اس تمام پریمیم کو اُسی دن مجموعی فنڈز کے لیے میوچل فنڈ کے یونٹس کی خریداری کے لیے استعمال کرتا ہے۔

یونٹ کی مالیت کے تعین کے دن کے آخر میں مجموعی فنڈ کے اثاثہ جات کی صافی ویلیو کا اس وقت تک کی فراہم کردہ میوچل فنڈز کی قیمتوں کے اعتبار سے دوبارہ حساب کیا جاتا ہے۔ اس حساب کردہ اثاثہ جات کی صافی ویلیو کو نظر ثانی شدہ بڈ اور آفر (بڈ پرائس کا 105%) پرائس کو جاننے کے لیے مجموعی فنڈ میں موجود یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ میوچل فنڈ میں کی جانے والی اضافی سرمایہ کاری کو مجموعی فنڈ کے اضافی یونٹس کی تعداد معلوم کرنے کے لیے (جیسا کہ اوپر حساب کیا گیا ہے) مجموعی فنڈ کے موجودہ یونٹس پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ مجموعی فنڈ کی قیمتیں، جن کا حساب یونٹس کی مالیت کے تعین کی تاریخ کے اختتام پر میوچل فنڈ کی پرائس کی بنیاد پر کیا جاتا ہے ان کا اگلی صبح سسٹم میں اندراج کیا جاتا ہے اور تمام ٹرانزیکشنز یعنی خریداری، دستبرداری اور منتقلی وغیرہ کے لحاظ سے یونٹس کی ایلوکیشن اسی اعتبار سے کی جاتی ہے۔ مجموعی فنڈ کی قیمتیں جن کا اندراج سسٹم پر کیا گیا ہے وہ پالیسی ہولڈر کی آگاہی کے لیے ویب سائٹ پر اپڈیٹ کی جاتی ہیں اور سیلز میں سہولت فراہم کرنے کے لیے فیلڈ فورس کو بھی فراہم کی جاتی ہے۔

وائیٹلیٹی کی فیس

ہر مہینے کے شروع میں فی رکن جامع وائیٹلیٹی فوائد پالیسی کی اکاؤنٹ ویلیو سے 320 روپے کی کٹوتی ہوگی۔ وقت کے ساتھ کمپنی کی صوابدید پر وائیٹلیٹی فیس میں تبدیلی ہوسکتی ہے۔

اگر صارف کے پاس ایک سے زیادہ وائیٹلیٹی جامع پراڈکٹ ہوں تو وائیٹلیٹی فیس صرف ماسٹر جامع وائیٹلیٹی پالیسی سے ہی کاٹی جائے گی۔ وائیٹلیٹی کی دوسری جامع پالیسیوں سے فیس نہیں کاٹی جائے گی۔

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

میں پریئمم کیسے ادا کروں گا

پریمیم کی ادائیگی آپ کے سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ اکاؤنٹ سے براہ راست کی جاتی ہے۔

کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ سنگل پریئمم کی حدود کیا ہیں؟

سنگل پریمیم کی کم سے کم قابل قبول حد 50,000 روپے ہے۔ سنگل پریمیم کی زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں ہے تاہم آپ مکمل آزادی کے ساتھ اپنے مالی مقاصد کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔

انویسٹ پرو پلان کا انڈر رائیٹر کون ہے

انویسٹ پرو پلان آئی جی آئی انشورنس لمیٹڈ کی طرف سے جاری کردہ ہے اور وہ بیان کردہ خطرات کی ذمہ دار ہے۔

کیا میں اپنی پالیسی سے کسی بھی وقت دستبردار ہوسکتا / سکتی ہوں؟

پالیسی کے موثر ہونے کے بعد صارف سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں موجود تمام یونٹوں کو کیش کروا کر اپنی پالیسی سے دستبرداری کرسکتا/ سکتی ہے۔ اس صورت میں یونٹوں کو موجودہ بڈ پرائس پر کیش کرایا جائے گا اور پالیسی ختم ہوجائے گی۔ پالیسی کے پہلے دو سال کے دوران مکمل دستبرداری کی صورت میں دستبرداری کی انتظامی فیس چارج کی جائے۔

کیا طبی معائنہ بھی ہوگا؟

طبی معائنہ اور لیبارٹری ٹیسٹوں کی ضرورت پڑ سکتی ہے اگر آپ کا مجموعی لائف تحفظ جس میں انویسٹ پرو کے تحت بنیادی فیس اماؤنٹ اور آئی جی آئی لائف کی طرف سے جاری تمام پالیسوں کے تحت لائف انشورنس تحفظ آئی جی آئی کی طرف سے متعین کردہ غیر طبی حدود سے تجاوز کر جائے یا آپ کی فراہم کردہ معلومات میڈیکل ہسٹری سے مختلف ہو۔

اس مصنوعات سے متعلق چارجز اور فیس کیا ہے؟

بینک اس مصنوعات کی کوئی فیس اور چارجز وصول نہیں کرتا ہے تاہم آئی جی آئی کی طرف سے مندرجہ ذیل چارجز اور فیس موصول کی جاتی ہے

پلان پر مندرجہ ذیل چارجز لاگو ہوں گے۔

بولی / آفر اسپریڈ	کوئی نہیں
سرمایہ کاری مینجمنٹ چارج	سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی ویلیو کا 0.15% ماہانہ (3-1 سال) سرمایہ کاری اکاؤنٹ کی ویلیو کا 0.125% ماہانہ (4 سال اور سے زائد)
دستبرداری (سنگل پریمیم کا فیصد)	پہلے سال۔5 فیصد، دوسرے سال۔3 فیصد، تیسرے سال۔کوئی نہیں
جزوی دستبرداری	پہلے سال۔5 فیصد، دوسرے سال۔3 فیصد، تیسرے سال۔کوئی نہیں (جزوی رقم کا فیصد)
سرمایہ کاری کی حکمت عملی کی منتقلی	300 روپے فی منتقلی
ہر جزوی دستبرداری اور مکمل دستبرداری پر فیس	300 روپے
انتظامی فیس	کوئی نہیں

نوٹ: مذکورہ بالا فیس اور چارجز میں بغیر کسی پیشگی اطلاع کے تبدیلی ہوسکتی ہے۔

- AVAP ادائیگیوں پر یہی چارجز قابل اطلاق ہیں۔
- AVAP کی صورت میں متعلقہ AVAP کی تاریخ اجرا سے سمجھا جائے گا

کلیم کیسے داخل کیا جائے

کلیم داخل کرنے کا طریقہ

کلیم کو داخل کرنے کا ہمارا طریقہ کار انتہائی آسان اور کسی رکاوٹ سے آزاد ہے۔ اس سلسلے میں مشورہ دیا جاتا ہے کہ اپنے پالیسی کلیم کو داخل کرتے ہوئے مکمل معاونت حاصل کرنے کے لئے ہماری کسٹمر سروسز ٹیم سے services.life@IGI.COM.PK پر رابطہ کریں۔

ذیل میں مرحلہ وار طریقہ کار دیا جا رہا ہے جس پر عمل کر کے آپ اپنا کلیم داخل کر سکتے ہیں۔

پہلا مرحلہ - تحریری اطلاع

کلیم آئی جی آئی لائف کی ویب سائیٹ آن لائن کلیم انٹی میشن پر جا کر دی گئی معلومات فراہم کر کے بغیر کسی تاخیر کے براہ راست داخل کیا جاسکتا ہے جسے کلیم ڈیپارٹمنٹ کو فوری طور پر بھیج دیا جاتا ہے

http://igilife.com.pk/claim-intimation/

پالیسی کے تحت فوائد حاصل کرنے کے لئے کوئی بھی کلیم پالیسی کے مالک / دعویٰ کنندہ (جیسی بھی صورت ہو)، کی جانب سے

اس کے دستخط کے ساتھ تحریری اطلاع جمع کرانے کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔ تحریری اطلاع دیتے وقت ہمیشہ وقوعہ کی تاریخ، واقعہ کی وجہ اور دعویٰ کنندہ کا موجودہ پتہ اور رابطہ نمبر ضرور درج کریں۔

کلیم نقصان کی تاریخ کے 30 دنوں کے اندر داخل کیا جانا چاہیے

دوسرا مرحلہ — کلیم فارم کے ساتھ متعلقہ دستاویزات مکمل کریں

وقوعہ کی اطلاع دینے پر آئی جی آئی لائف نقصان کا ثبوت داخل کرنے کے لئے متعلقہ فارمز فراہم کردے گا۔ جن کا انحصار واقعہ کی نوعیت پر ہوگا۔ ڈیتھ سرٹیفکیٹ، رکنیت کے اصل کاغذات، بیمہ شدہ شخص اور نامزد کے شناختی کارڈ، ہسپتال ریکارڈ، پولیس رپورٹ اور پوسٹ مارٹم کی پورٹ (صرف حادثہ کی صورت میں) یا آئی جی آئی لائف کی طرف سے طلب کردہ دوسرے کاغذات کلیمز فارمز کے ساتھ منسلک کئے جائیں گے۔ فارمز ہماری ویب سائیٹ سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔

http://igilife.com.pk/investor-relations/claim-forms/

طبی سہولتوں کے کلیمز کے لئے میڈیکل بلوں / رپورٹس کا انتظام اسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں یا طبی سہولتوں سے متعلق کلیمز کے لئے تمام میڈیکل بل (اصل) اور طبی رپورٹ (نقول)، جو کہ کوالیفائیڈ طبی سہولت دینے والے ڈاکٹر کی طرف سے جاری کی گئی ہو، منسلک کرنا ہوگی۔

توثیق شدہ دستاویزات اصل شکل میں یا کسی سرکاری افسر / جاری کرنے والی اتھارٹی کی جانب سے مصدقہ نقول کی صورت میں جمع کرائی جاسکتی ہیں۔ دستاویزات کی اصل کاپی معائنہ کے لئے طلب کی جاسکتی ہے۔

تیسرا مرحلہ

کلیم فارم کے ساتھ مطلوبہ دستاویز جمع کرائیں

اصل دستاویزات اور فارمز (ہارڈ کاپی) باقاعدہ ہر طرح سے مکمل، دستخط شدہ اور گواہی کے ساتھ لازمی طور پر آئی جی آئی لائف کو اس نقصان کے بعد 90 دنوں کے اندر جمع کر دیئے جائیں، جس کے لئے کلیم داخل کیا جا رہا ہے۔

چوتھا مرحلہ — سیٹلمنٹ

کوئی بھی کلیم جتنی جلد ممکن ہو آئی جی آئی لائف کے اطمینان کے لئے مکمل کرلیا جائے۔ مکمل دستاویزات کی وصولی کے بعد جتنا جلدی ممکن ہو آئی جی آئی لائف کی جانب سے کلیم کی ادائیگی کر دی جائے گی۔

نوٹ:

برائے مہربانی اس امر کو یقینی بنائیں کہ تمام دستاویزات اور فارم آپ کی پالیسی کے اصل تجویزی فارم / سی این آئی سی پر آپ کے دستخط کے مطابق دستخط شدہ ہوں۔

انتباہ! اس پروڈکٹ کی انڈر رائٹنگ IGI لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت کی گئی ہے۔ اس پروڈکٹ کی ضمانت کی ذمہ داری سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک لمیٹڈ یا اس سے وابستہ افراد (affiliates) کی نہیں ہے اور یہ سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک کی پروڈکٹ نہیں ہے تاہم آئی جی آئی لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز ہی تمام شرکاء کو پیش آنے والے واقعات پر طے شدہ ادائیگی کا ذمہ دار ہے۔ درخواست گزار / شرکاء کو مکمل طور پر یہ بات سمجھنی اور تسلیم کرنی ہے کہ سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک، IGI لائف کے پروموٹر اور ڈسٹری بیوٹر ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے جو کہ IGI لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز یا اس سے متعلقہ انڈر رائٹنگ، فائدے یا نقصان کی نمائندگی اور / یا کسی بھی صورتحال میں ان سب چیزوں کے لیے قانونی طور پر ذمہ دار اور جوابدہ نہیں ہے۔ امیدوار انویسٹ پرو پلان کثیر المقصد بچت پروڈکٹس میں اپنی ذمہ داری پر حصہ لے سکتا ہے،۔ سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک کسی بھی صورتحال میں کسی رسک، دعوے، نقصان، کلیم یا صارف کے سرمائے پر اثر انداز ہونے والی کسی بھی چیز کا قانونی طور پر ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کسی بھی شریک کے فوائد کی وضاحتی تحریر میں یہ تصور کیا جاتا ہے کہ کیش ویلیو / اکاؤنٹس ویلیو اور وہ دیگر فوائد کی رقم واجب ہوتے ہی پوری ادا کر دی گئی ہے جبکہ حصہ لینے والوں کی جانب سے دوران ممبر شپ کوئی پیسے نکلوائے نہیں گئے اور حاصل شدہ منافع بیان کیے گئے انداز ے کے مطابق ہوسکتا ہے۔ منصوبوں سے حاصل شدہ منافع کی سرمایہ کاری طے شدہ گروتھ فنڈز میں کی جائے گی، ضروری نہیں کہ فنڈز کی ماضی کی کارکردگی اس کے مستقبل کی رہنمائی کر سکے۔ فنڈز کی کارکردگی کے سلسلے میں کسی بھی قسم کا کوئی اندازہ مستقبل میں اس بات کی طرف اشارہ نہیں کرسکتا۔ اس کا ذمہ دار نہ تو IGI لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز ہوگا اور نہ ہی سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک۔ تمام انشورنس کلیم، چارجز اور تمام قابل ادا رقم کی ذمہ داری صرف IGI لائف ۔ونڈو تکافل آپریشنز کی ہے۔ جبکہ سروس چارجز اور ٹیکسز وغیرہ 'شیڈول آف چارجز' اور ٹیکس سے متعلق قوانین اور دیگر متعلقہ اداروں کے مطابق بینک کی جانب سے ویسے ہی لاگو ہوں گے۔

یہ دستاویز معاہدہ نہیں بلکہ محض ایک بروشر ہے۔ شرائط وضوابط کی تفصیلات PMD میں درج ہیں۔

IGI Life Vitality

آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ: ساتویں منزل، دی فورم،
سوئٹ نمبر 703-701، G-20، بلاک 9، خیابانِ جامی، کلفٹن کراچی۔ 75600، پاکستان۔
UAN : 111-111-711 (21-92+)، ٹیلی فون: 35360040 (21-92+)، فیکس: 35290042 (21-92+)
ای میل: vitality@igi.com.pk، ویب: www.igilife.com.pk